

AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24
ہفتہ 6 شعبان 1445ھ 17 فروری 2024ء 5 پھاگن 2079ب
شمارہ نمبر 249

ہماری 85 نشستیں چھین کر جمہوریت پر حملہ کیا گیا، تحریک انصاف

مسترد ووٹس کی تعداد وکٹری ووٹس سے زیاد ہے، 2024ء پاکستان کی تاریخ کے سب سے زیادہ دھاندلی شدہ انتخابات تھے' کراچی میں بہت زیادہ ظلم کیا گیا ہم نے کراچی سے تمام سیٹیں جیتیں لیکن ہمیں ایک بھی نہ دی گئی

جوعوام نے ووٹ دیا تھا رات کے اندھیرے میں تبدیل کر دیا گیا' عمران خان کی دشمنی میں اسکے سپاہیوں کو دبانے کی کوشش کی گئی' رؤف حسن، سیمابیہ طاہر، شیر افضل، شاندانہ گلزار، ریحانہ ڈار، سلمان اکرم راجا اور دیگر رہنما

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف نے کہا ہے کہ الیکشن میں دھاندلی کر کے جمہوریت پر حملہ کیا گیا انتخابات میں ہماری 179 نشستیں ہونی چاہئیں تھیں 85 نشستیں چھینی گئیں، ہمارے مسترد ووٹس کی تعداد وکٹری ووٹس سے زیاد ہے، 2024ء پاکستان کی تاریخ کے سب سے زیادہ دھاندلی شدہ انتخابات تھے۔ یہ بات پی ٹی آئی رہنماؤں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ پریس کانفرنس میں پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات رؤف حسن، سیمابیہ طاہر، شیر افضل مروت، شاندانہ گلزار، ریحانہ ڈار، سلمان اکرم راجا اور دیگر رہنما و امیدوار بھی موجود تھے جنہوں ںے اپنی اپنی کامیابیوں کو الیکشن کمیشن یا عدالتوں میں چیلنج کر رکھا ہے، پریس کانفرنس کے دوران علیمہ خان بھی پہنچ گئیں۔ تحریک انصاف کے (بقیہ نمبر 1)

ملکی داخلی معاملات میں بیرونی مداخلت کے حق میں نہیں، اسد قیصر

تحریک انصاف صرف اپنے الیکشن کمیشن اور اپنے عدالتی نظام سے انصاف کی طلب گار ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے واضح کیا ہے کہ وہ پاکستان کے داخلی معاملات میں کسی بیرونی مداخلت کے حق میں نہیں ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اسد قیصر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے پیغام میں لکھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے اڈیالہ جیل میں ہونے والی ملاقات کے بعد ان کی اور بیرسٹر سیف کی میڈیا سے گفتگو کو ذرائع (بقیہ نمبر 2)

تحریک انصاف کے رہنما رؤف حسن، سیمابیہ طاہر، شیر افضل، شاندانہ گلزار، ریحانہ ڈار، سلمان اکرم راجہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

انتخابی نتائج پر پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، ن لیگ

امریکا کو ملکی انتخابات میں مداخلت دعوت پاکستان کی خودمختاری کے خلاف ہے، ان کا ''ابیسلوٹلی ناٹ''؟ ''ہم غلام نہیں ہیں'' کا نعرہ کہاں گیا؟ کسی کو بھی الیکشن کے نتائج پر اعتراض ہے تو وہ الیکشن کمیشن سے رجوع کرے

تحریک انصاف کی جانب سے بلاوجہ کی انارکی اور انتشار پھیلایا جارہا ہے' یہ امریکن ایجنٹس ہیں انہیں فنڈنگ آتی ہے اور کارکردگی نہ دکھائی تو کیا جواب دیں گے' مریم اورنگزیب' عطاء تارڑ کا پریس کانفرنس سے خطاب

لاہور(این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی رہنما مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ امریکا کو ملکی انتخابات میں مداخلت دعوت پاکستان کی خودمختاری کے خلاف ہے، عمران خان نے کہا ہے آؤ امریکا میری مدد کرو، ان کا ''ابیسلوٹلی ناٹ''؟ ''ہم غلام نہیں ہیں'' کا نعرہ کہاں گیا؟ یہ بات مسلم لیگ (ن) کے (بقیہ نمبر 30)

ضروری نہیں مولانا نے جو بات کی وہ سو فیصد درست ہو، شرجیل میمن

کبھی نہیں کہا متحدہ سے ہمارا جھگڑا ہے، تمام سیاسی جماعتیں ملکی مسائل کے حل کیلئے ساتھ بیٹھیں

کراچی(این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے بانی پی ٹی آئی کو ہٹانے کیلئے غیر قانونی راستہ اختیار نہیں کیا، ضروری نہیں کہ مولانا صاحب نے جو بات کی وہ 100 فیصد درست ہو، چاہتے ہیں ،کافی (بقیہ نمبر 31)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ کا اجلاس 22 فروری کو ہوگا

اسلام آباد(این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور خارجہ کا اجلاس 22 فروری کو ہوگا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، وزیراعظم انوارالحق کاکڑ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

8 فروری کے انتخابات کالعدم قرار دینے کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 19 فروری کو سماعت کرے گا، جسٹس محمد علی مظہر' جسٹس مسرت ہلالی بنچ کا حصہ ہوں گے

انتخابات کالعدم' دھاندلی' الیکشن فراڈ کی تحقیقات' ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کے احکامات دیئے جائیں' درخواست گزار کی عدالت سے استدعا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) 8 فروری 2024 کے انتخابات کالعدم قرار دینے کی درخواست سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 19 فروری کو سماعت کرے گا، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس مسرت ہلالی بنچ کا حصہ ہوں گے۔ واضح رہے (بقیہ نمبر3)

سروسز ہسپتال کی نئی لیب وڈائیگناسٹک سنٹر کو 10 روز میں مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن

لاہور(این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے رات گئے سروسز ہسپتال کا دورہ کیا اور نئی لیب وڈائیگناسٹک سنٹر کی تعمیر کا جائزہ لیا۔

کسٹمز میں ایس آر او کا غلط استعمال کر کے اربوں کی ٹیکس چوری کا انکشاف

9364 گڈز ڈکلیریشن کے ذریعے ڈیوٹی وٹیکسوں کی چوری کی گئی، ڈائریکٹر پوسٹ کلیئرنس آڈٹ

کراچی(این این آئی) پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کسٹمز نے ایس آر او کے غلط استعمال کے ذریعے اربوں روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف کیا ہے۔ دستاویز کے مطابق ایس آر او 492 کے غلط استعمال میں 1268 امپورٹرز کی نشاندہی ہوئی ہے، جنہوں نے 9364 گڈز (بقیہ نمبر 4)

الیکشن کمیشن انتخابی نتائج کیخلاف درخواست گزاروں کے تحفظات دور کرے، پشاور ہائیکورٹ

آر او درخواست گزاروں کو موقع دے کر الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 95 کے مطابق نتائج مرتب کریں' درخواست گزار الیکشن کمیشن سے رجوع کریں

نتائج پولنگ ایجنٹس کے سامنے مرتب ہوئے یا انکی غیر موجوگی میں' فارم 45، 47 میں تضاد ہے تو الیکشن کمیشن اس کو دیکھے' 3 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ

پشاور(مانیٹرنگ ڈیسک) ہائی کورٹ نے حکم دیا ہے کہ الیکشن کمیشن انتخابی نتائج کے خلاف درخواست گزاروں کے تحفظات کو دور کرے۔ ملک میں ہونے والے عام انتخابات کے نتائج کے خلاف پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں کی درخواستوں پر سماعت کا تحریری فیصلہ پشاور ہائی کورٹ نے جاری کر دیا۔ 3 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس شکیل احمد نے تحریر کیا، جس میں عدالت نے کہا کہ آر او درخواست گزاروں کو موقع دے کر الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 95 کے مطابق نتائج مرتب کریں۔ آر اوز نے نتائج مرتب کیے ہیں تو پھر درخواست گزار مناسب فورم (الیکشن کمیشن) سے رجوع کریں۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن قانون کے مطابق درخواست گزاروں کے تحفظات کو دیکھے۔ درخواست گزاروں کے تحفظات ایک جیسے ہیں کہ فارم 45 اور 47 میں تضاد ہے۔ درخواست گزاروں کو یہ بھی شکایت (بقیہ نمبر28)

جماعت اسلامی کا انکار، پی ٹی آئی کا پختونخوا میں فضل الرحمان کیساتھ حکومت بنانے پر غور

مولانا فضل الرحمان کی خیبر پختونخوا اسمبلی میں نشستیں موجود ہیں جس کے بعد پی ٹی آئی کا جے یو آئی کے ساتھ کے پی میں مخلوط حکومت بنانے کا امکان ہے

پی ٹی آئی اور جے یو آئی کا مذاکرات کا عمل آگے بڑھانے کا فیصلہ' بات چیت کیلئے کمیٹی بنائی جائے گی جو دھاندلی، مستقبل کے لائحہ عمل پر حتمی تجاویز دے گی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے جماعت اسلامی کے انکار کے بعد خیبر پختونخوا اسمبلی میں حکومت سازی کے لیے مولانا فضل الرحمان سے مدد لینے پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کی خیبر پختونخوا اسمبلی میں نشستیں موجود ہیں جس کے بعد پی ٹی آئی کا جے یو آئی کے ساتھ کے پی میں مخلوط حکومت بنانے کا امکان ہے۔ ذرائع پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ مولانا اور ہم الیکشن سے متعلق تحفظات پر ایک صفحے پر ہیں، کل پی ٹی آئی اور جے یو آئی ف کی ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کا پیغام بھی مولانا فضل الرحمان کو پہنچایا گیا تھا۔ علاوہ ازیں پی ٹی آئی اور جے یو آئی نے مذاکرات کا عمل آگے بڑھانے کا فیصلہ کر لیا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی اور جے یو آئی کے درمیان بات چیت کیلئے کمیٹی بنائی جائے گی جو انتخابات میں دھاندلی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر حتمی تجاویز دے گی۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 5)

کوئٹہ، پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف زرداری سے میر چنگیز خان، روزی خان کاکڑ کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

الیکشن کمیشن کا صرف ایک ہی آفیشل 'ایکس' اکاؤنٹ ہے، ترجمان

اسلام آباد(این این آئی) ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم (بقیہ نمبر6)

ہائیکورٹ' نومئی حملہ کیس میں ملوث 11 ملزمان کی ضمانتیں منظور

لاہور(کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے نو مئی کو فیصل آباد میں حساس ادارے (بقیہ نمبر 7)

خان یونس' اسرائیلی فوج نصر ہسپتال میں گھس گئی، متعدد فلسطینی گرفتار

اسرائیلی فوج نے آئی سی یو میں داخل مریضوں کو بھی اسپتال چھوڑنے کا حکم دے دیا

تل ابیب(این این آئی) اسرائیلی فوج کئی ہفتوں تک محاصرہ کرنے کے بعد غزہ کے شہر خان یونس کے نصر اسپتال میں گھس گئی۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے نصر اسپتال سے متعدد فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا اور اسپتال میں پناہ لیے ہوئے فلسطینیوں یہاں تک کے (بقیہ نمبر 8)

حکومت سازی' تحریک انصاف اور جماعت اسلامی کے رابطے پھر بحال

سیاسی جماعتوں میں مذاکرات کا راستہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے' لطیف کھوسہ اور لیاقت بلوچ میں ٹیلیفونک رابطہ

لاہور (این این آئی) حکومت سازی کے لئے تحریک انصاف اور جماعت اسلامی کے رابطے پھر بحال ہونے لگے۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق تحریک انصاف کے رہنما سردار (بقیہ نمبر 9)

عمر ایوب کا نام وزیراعظم کے لیے چل رہا ہے چلنے دیں، فیصل واوڈا

تحریک انصاف چیخ چیخ کر امریکہ کو پکار رہی ہے کہ سنبھال لو، بچالو، سابق وفاقی وزیر

کراچی(این این آئی) سابق وفاقی وزیر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا جو بیانیہ ہے تو بڑی بے شرمی، بے حیائی اور شرم آرہی ہے، شکر ہے پی ٹی آئی کے بیانیہ کا حصہ نہیں ، آج (بقیہ نمبر 10)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی بلڈ کینسر میں مبتلا بچوں اور ڈونر سے چلڈرن ہسپتال کے اپ گریڈ او پی ڈی بلاک کا افتتاح کرانے کے بعد دعا کر رہے ہیں

سائفر اور توشہ خانہ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف اپیلیں دائر

سائفر کی حفاظت اور دفتر خارجہ واپس کرنے کی ذمہ داری وزیراعظم کے پرنسپل سیکریٹری کی ہوتی ہے' جرم بنتا ہے تو ذمہ دار پرنسپل سیکریٹری کو ٹھہرایا جائے

عدالتی فیصلہ انصاف کا قتل' بانی پی ٹی آئی کو سنائی گئی سزا غیر ضروری' ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا کالعدم قرار دی جائے' عدالت سے استدعا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی کی سائفر اور توشہ خانہ کیس میں سزاؤں کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں اپیلیں دائر کر دی گئیں۔ عمران خان کے وکیل لطیف کھوسہ نے عمران خان کو توشہ خانہ اور سائفر کیس میں ملنے والی سزاؤں کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں اپیلیں دائر کرنے کی تصدیق کر دی۔ لطیف کھوسہ کا کہنا تھا کہ عدت کیس کی اپیل سیشن کورٹ میں دائر کی گئی ہے۔ عمران خان کی جانب سے بیرسٹر علی ظفر نے دونوں کیسز میں سزاؤں (بقیہ نمبر 27)

ن لیگ کا پنجاب میں سخت گیر گورنر لانے کا فیصلہ، رانا ثناء کا نام زیر غور

رانا ثنا کو ضمنی الیکشن نہ لڑوایا گیا تو گورنر پنجاب کے منصب پر لایا جائے گا، مقصد حکومتی امور میں مریم نواز کی سپورٹ کرنا ہوگا

بلیغ الرحمٰن آئندہ سیٹ اپ کیلئے موزوں نہیں' پنجاب میں تحریک انصاف' دیگر جماعتیں حکومت کو ٹف ٹائم دے سکتی ہیں' ذرائع

لاہور(این این آئی) حکومت سازی کے بعد گورنرز کی تقرری کا معاملہ، مسلم لیگ ن نے پنجاب میں سخت گیر گورنر لانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب کیلئے رانا ثنا کا نام زیر غور ہے، رانا ثنا کو ضمنی الیکشن نہ لڑوایا گیا تو گورنر پنجاب کے منصب پر لایا جائے گا، رانا ثنا کو گورنر پنجاب کے منصب پر لانے کا مقصد حکومتی امور میں مریم نواز کی سپورٹ کرنا ہوگا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ لیگی رہنماؤں کی رائے ہے کہ بلیغ الرحمٰن نرم مزاج ہونے کے (بقیہ نمبر11)

سندھ ہائیکورٹ نے الیکشن پٹیشنز کی سماعت کیلئے ٹریبونل تشکیل دیدیئے

صوبائی الیکشن کمیشن نے صوبے میں الیکشن پٹیشن کی سماعت کے لیے ٹریبونل کی تشکیل کے لیے خط لکھا تھا

کراچی(این این آئی) سندھ میں الیکشن پٹیشنز کی سماعت کے لیے ٹریبونلز تشکیل دے دیئے گئے ہیں۔ انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے معاملات کے حوالے سے چیف جسٹس (بقیہ نمبر 12)

مشعال ملک کا اپنے شوہر یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر اظہار تشویش

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق وترقی (بقیہ نمبر13)

این اے 15 سے نواز شریف کی شکست والے حلقے کی ریٹرننگ افسر تبدیل

مانسہرہ /اسلام آباد(این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ سے قومی اسمبلی کے (بقیہ نمبر 14)

وزارتِ صحت کے ماتحت اداروں میں میٹھی اشیا کھانے پر پابندی

اسلام آباد/لاہور(این این آئی) وفاقی وزارتِ صحت نے ماتحت اداروں میں میٹھی (بقیہ نمبر15)

حیدرآباد، جی ڈی اے کے کارکن انتخابات میں دھاندلی پر دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود سے چیئرمین احتساب بیورو مشتاق احمد جنجوعہ ملاقات کر رہے ہیں

فضل الرحمٰن نے جو باتیں کی ہیں ان پر تحقیقات ہونی چاہئیں، علی محمد خان

گفتگو تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ ہونی چاہیے مگر اتحاد کے لیے نہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن نے جو باتیں کی ہیں ان پر تحقیقات ہونی چاہئیں۔ ایک انٹرویو میں علی محمد (بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ' پی ایس ایل کی سکیورٹی سے متعلق اخراجات کی تفصیلات طلب

ٹریفک کا نظام درہم برہم، اسموگ کے تدراک کیلئے اقدامات بے اثر ہوگئے' جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے شہر میں سموگ کے تدراک کے لیے (بقیہ نمبر 20)

لاہور، ملک احمد خان پریس کانفرنس کررہے ہیں

پنجاب' نمونیا کے سینکڑوں نئے کیسز رپورٹ، 12 بچے انتقال کر گئے

لاہور(این این آئی) پنجاب بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران مزید 765 بچے نمونیہ کا شکار ہو گئے جبکہ 12 بچے انتقال (بقیہ نمبر19)

ریٹائرڈ ججز کیخلاف کارروائی سپریم جوڈیشل کونسل کا اختیار نہیں، جسٹس مظاہر

12 جنوری کا حکم غیر قانونی' کونسل اختیار سے تجاوز کر رہی ہے' سیکرٹری سپریم جوڈیشل کونسل کو خط

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج جسٹس (ریٹائرڈ) مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا ہے کہ آئین، قانون اور عدالتی فیصلوں کے مطابق ریٹائرڈ ججز کے (بقیہ نمبر 18)

ہنگامہ خیز سال، عالمی جمہوریت انڈیکس میں پاکستان کی تنزلی

دنیا بھر میں 2023 کے دوران جمہوری معیارات گرے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) اکنامک انٹیلی جنس یونٹ (ای آئی یو) نے کہا ہے کہ جنگوں کا پھیلا، آمرانہ کریک ڈاؤنز اور مرکزی سیاسی جماعتوں پر اعتماد میں کمی ہوئی ہے اور دنیا بھر میں (بقیہ نمبر 17)

مانسہرہ سے نواز شریف کی عذرداری بحال، سماعت 20 فروری کو ہوگی

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن نے این اے 15 مانسہرہ سے پاکستان مسلم (بقیہ نمبر25)

پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت کا (آج) اسلام آباد میں احتجاج کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شیر افضل مروت نے مبینہ دھاندلی کے خلاف (آج) ہفتہ کو (بقیہ نمبر 24)

سینیٹر مہر تاج روغانی کی جانب سے سینیٹ کی نشست چھوڑنے کی خبر کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہر تاج روغانی کی جانب سے سینیٹ کی نشست چھوڑنے کی خبر کی تردید کر دی گئی۔

سول ایوی ایشن کا آڈٹ، عالمی ہوابازی تنظیم کی ٹیم پاکستان پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) انٹرنیشنل سول ایوی ایشن آرگنائزیشن (آئی سی اے او) کی ایک ٹیم سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کا یونیورسل سیفٹی اوور سائٹ آڈٹ کرنے کیلئے پاکستان پہنچ گئی۔ عالمی ہوابازی کی تنظیم انٹرنیشنل سول ایوی (بقیہ نمبر22)

دفعہ 144 نافذ العمل' غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں' اسلام آباد پولیس

پرامن احتجاج سب کا بنیادی حق ہے، مگر کسی بھی غیر قانونی عمل کی اجازت نہیں دی جائے گی، بیان

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد پولیس نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے، اور کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری ایک بیان میں اسلام آباد پولیس نے کہا کہ پرامن احتجاج سب کا بنیادی حق (بقیہ نمبر 26)

بنوں، پی ٹی آئی کارکن الیکشن میں دھاندلی پر احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی زرداری کے در دولت پر حاضری دیکر یوٹرن لے گی' سعد رفیق

سیاسی بگاڑ اور رسہ کشی کے سب سے بڑے بینیفشری اور ذمہ دار خود عمران نیازی ہیں، سابق وزیر

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ وفاق میں حکومت سازی کے لیے مولانا فضل الرحمٰن کے بعد پاکستان تحریک انصاف کو بہت جلد آصف زرداری کے در دولت پر حاضری دے کر ایک اور یو ٹرن لے گی۔ سماجی (بقیہ نمبر 23)

جنرل باجوہ نے تحریک واپس لینے کا کہا، مولانا نہیں مانے، ملک احمد خان

پی ڈی ایم کے لوگ حکومت کو ختم نہ کرتے تو خوفناک صورتحال کو سب بھگتتے، مولانا تو عدم اعتماد کی تاخیر پر ناراض تھے، وہ تو کہتے تھے جلدی کریں

ہماری پارٹی میں کلیئر سوچ تھی عدم اعتماد نہ ہو، حکومت کو وقت پورا کرنے دیا جائے، مریم نواز یہ بھی کہتی تھیں کہ استعفے دیکر سسٹم سے باہر نکل جائیں

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احمد خان نے مولانا فضل الرحمٰن کے دعووں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تحریک عدم اعتماد سیاسی تھی، جنرل (ر) باجوہ نے تحریک عدم اعتماد کی مخالفت کی تھی لیکن مولانا نے ان کی تجویز مسترد کر دی تھی۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ملک احمد خان نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی بانی پی ٹی آئی سے متعلق باتیں جلی حروف میں لکھنی چاہئیں، کیا کوئی ہمیں یہ (بقیہ نمبر16)

کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے ملاقات کر رہے ہیں

ان شہدا کا خون ہی ہمارا لہو گرماتا ہے
لاہور، پاک فوج کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے انکی تصاویر مال روڈ پر آویزاں ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
لاہور
مسافت
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

دھاندلی کے الزامات لگانے والے ثبوت دیں، الیکشن کمیشن

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ انتخابات میں دھاندلی کے الزامات لگانے والے ثبوت پیش کریں۔ چیف الیکشن کمشنر اور ممبر خیبر پختونخوا اکرام اللہ خان نے این اے 55 راولپنڈی کے نتائج سے متعلق درخواست پر سماعت کی، کامیاب امیدوار ابرار احمد کے وکیل الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ کامیاب امیدوار کے وکیل نے کہا کہ ریٹرننگ افسر این اے 55 کا حتمی نتیجہ جاری کر چکا ہے، الیکشن کمیشن درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کرے، مزید تحقیقات کے لیے معاملہ الیکشن ٹریبونل کو بھجوایا جاسکتا ہے۔ درخواست گزار بشارت راجہ کے وکیل نے کہا کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھی این اے 55 سے بشارت راجہ جیت رہے تھے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے میڈیا رپورٹس کی بنیاد پر تو فیصلے نہیں دینے، دھاندلی اور نتائج میں رد و بدل کے الزامات لگانے والے ثبوت بھی پیش کریں۔ وکیل بشارت راجہ نے کہا کہ ثبوت الیکشن کمیشن کے پاس ہیں، فارم 45 کھول کر دیکھ لیں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے گا۔ بعدازاں الیکشن کمیشن نے این اے 55 راولپنڈی کے نتائج سے متعلق درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

10 دن سے میونسپل کمیٹی بند، لوگوں کے ضروری کام رک گئے

رجسٹریشن برانچ، MOR برانچ، MOI&S برانچ، ٹیکس برانچ اور پنشن برانچ میں کوئی کام نہ ہوسکا

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) 10 دن سے میونسپل کمیٹی بند، لوگوں کے ضروری کام روک گئے، رجسٹریشن برانچ، MOR برانچ، MOI & S برانچ، نقشہ برانچ، ٹیکس برانچ اور پنشن برانچ میں کوئی کام نہ ہوسکا۔ شہریوں کا اعلیٰ احکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی جڑانوالہ میں حالیہ ہونے والے الیکشن 8 فروری 2024ء کی آمد سے قبل اور آج تک لوگوں کا کوئی بھی کام نہ ہوسکا۔ جس کی وجہ سے شہری ذلیل وخوار ہوکر رہ گئے۔ قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہم نے اپنی ڈیوٹی الیکشن کی خدمات میں سرانجام دینی ہیں۔ ہماری ڈیوٹی الیکشن کے کام کاج میں صرف ہورہی ہے۔ جس سے ہم نے الیکشن کی وجہ سے میونسپل کمیٹی کے روزمرہ کے کام کاج کو بند کردیا ہے۔ تقریباً ہمارا نصف سٹاف الیکشن ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔ میونسپل کمیٹی کی مختلف برانچیں MOR برانچ، MOI&S برانچ، نقشہ برانچ، ٹیکس برانچ، پنشن برانچ اور رجسٹریشن برانچ تقریباً 10 دن سے بند ہیں۔ ان سے متعلقہ کام کے سلسلہ میں آنے والے لوگ ذلیل وخوار ہوکر رہ گئے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ احکام سے میونسپل کمیٹی کے اس اقدام کے خلاف نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سابق MS ٹی ایچ کیو ڈاکٹر رانا عبدالواجد کی 19 ویں سکیل پر ترقی

محکمہ صحت نے ڈاکٹر رانا عبدالواجد کو APMO پرموٹ کر دیا ہے

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) سابق MS ٹی ایچ کیو ڈاکٹر رانا عبدالواجد کی 19 ویں سکیل پر ترقی محکمہ صحت نے ڈاکٹر رانا عبدالواجد کو APMO پرموٹ کردیا ہے۔ سجاد خان نیازی نے آپ کو ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق MS ٹی ایچ کیو جڑانوالہ ڈاکٹر رانا عبدالواجد کو محکمانہ ترقی دے کر (APMO) پر پروموٹ کر دیا گیا ہے۔ 19 ویں سکیل پر پروموٹ ہونے پر سینئر صحافی سجاد خان نیازی نے ڈاکٹر رانا عبدالواجد کو محکمانہ ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی سابقہ کارکردگی کو بحال رکھتے ہوئے محکمہ صحت کی مزید بہتری کے لیے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر خدمت کریں گے۔

لوگوں نے غیر اخلاقی تصاویر لگا کر شعیب اور ثنا کی ویڈیوز وائرل کیں، شائستہ لودھی

کراچی (شوبز ڈیسک) معروف میزبان و اداکارہ شائستہ لودھی نے قومی کرکٹر شعیب ملک اور اداکارہ ثنا جاوید کی شادی کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر دو بالغ ایک دوسرے کے ساتھ حلال طریقے سے زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو اس میں کیا برائی ہے؟ حال ہی میں شائستہ لودھی نے حافظ احمد کے پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے شعیب ملک اور ثنا جاوید کی شادی پر ہونے والی ٹرولنگ سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ شائستہ لودھی نے کہا کہ دونوں ہی میرے بہت اچھے دوست ہیں، میں دونوں کی نجی زندگی کا احترام کرتی ہوں، دونوں نے اپنے لیے جو فیصلہ کیا وہ اُن کا نجی معاملہ ہے، اُن کا اپنا انتخاب ہے، ہم کیوں کسی کی نجی زندگی پر تنقید کریں۔

موت کے بعد رشی کپور کی اپنی پوتی راحہ کیساتھ تصویر وائرل

ممبئی (شوبز ڈیسک) اپریل 2020ء میں دنیا سے کوچ کرجانے والے بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار رشی کپور کی اپنی پوتی 'راحہ' کے ساتھ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر رشی کپور کی نئی تصویر وائرل ہورہی ہے جو کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس (اے آئی) سے تیار کی گئی ہے، اس تصویر میں رشی کپور نے رنبیر کپور کی بیٹی اور پوتی 'راحہ کپور' کو گود میں اُٹھایا ہوا ہے۔ یہ تصویر جیسے ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو مداح حیران رہ گئے کیونکہ رشی کپور اپنی پوتی کی پیدائش سے پہلے ہی چل بسے تھے۔ اس تصویر کو نہ صرف مداحوں نے پسند کیا بلکہ رشی کپور کی اہلیہ نیتو کپور نے بھی تصویر دیکھ کر پسندیدگی کا اظہار کیا جبکہ تصویر بنانے والے کا شکریہ بھی ادا کیا۔

اب شاہ رخ خان کے پاکستانی مداح بھی ڈنکی دیکھ سکیں گے

GUARANTEE VISA

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان نے اپنی فلم 'ڈنکی' نیٹ فلکس پر ریلیز کرنے کا اعلان کردیا جس کے بعد اب اداکار کے پاکستانی مداح بھی یہ فلم دیکھ سکیں گے۔ اس حوالے سے نیٹ فلکس انڈیا نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر شاہ رخ خان کی فلم 'ڈنکی' کا پوسٹر شیئر کیا جس میں کہا گیا کہ اپنی تیاری کرلو کیونکہ شاہ رخ خان پوری دنیا میں ڈنکی مارنے آرہے ہیں۔ پوسٹ میں بتایا گیا کہ شاہ رخ خان کی فلم 'ڈنکی' او ٹی ٹی پلیٹ فارم نیٹ فلکس پر بھی ریلیز ہونے جارہی ہے لیکن پوسٹ میں ریلیز کی تاریخ کا اعلان نہیں کیا گیا۔ اس اعلان کے بعد شاہ رخ خان کے پاکستانی مداح کافی خوش ہوگئے ہیں کہ وہ بھی اب فلم 'ڈنکی' دیکھ سکیں گے۔ واضح رہے کہ میگا اسٹار شاہ رخ خان کی فلم 'ڈنکی' سال 2023 میں 21 دسمبر کو سینما گھروں میں ریلیز ہوئی تھی، راج کمار ہیرانی کی ہدایتکاری میں بننے والی اس فلم کو شاہ رخ خان کی اہلیہ گوری خان نے پروڈیوس کیا ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 3619 وراثت موضع میانوالی کے تحت سائل کا والد چوہدری محمد صادق ولد چوہدری نور عالم کا فوت ہونا مورخہ / درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں محمد عدنان صادق، ارسلان صادق پسران روبی صادق، کائنات صادق، انیتا صادق، غزل صادق دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1231 وراثت موضع کوٹ گھمن کے تحت سائل کا والد محمد اقبال گوندل ولد چوہدری رحمت خان کا فوت ہونا مورخہ 10/08/2023 درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں نصرت بیگم بیوہ، محمد کاشف گوندل، محمد عاطف اقبال گوندل پسران فائزہ اقبال، فرح ذوالفقار، مدیحہ اقبال، ماریہ اقبال دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1755 وراثت موضع جھانوالہ کے تحت سائل کا والد محمد نذیر ولد غلام حیدر کا فوت ہونا مورخہ 01/01/2018 درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں نذیراں بیگم بیوہ محمد شہباز پسر مصباح دختر تسنیم اختر بیوہ محمد اقبال فوت شد عاصم شہزاد، احسن اقبال، محمد شعیب پوتے عندلیب اقبال، نگہت اقبال پوتیاں بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 2255 وراثت موضع مندرانوالہ کے تحت سائل کی والدہ ارشاد بی بی بیوہ محمد بوٹا کا فوت ہونا مورخہ / درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں عبدالستار، افتخار احمد، خالد محمود، گلزار احمد پسران رخسانہ بیگم، ریحانہ آصف، نازیہ محسن علی، فرزانہ کوثر دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 4264 وراثت موضع پیروچک کے تحت علی محمد ولد نیاز محمد تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا مورخہ درج 08/02/2008 ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں تسیم اختر بیوہ محسن نواز احمد پسر سمیرا قسیم، شائلہ تسیم دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محمد عرفان بٹ صاحب فیملی جج ڈسکہ

دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع نسرین فاطمہ بنام نعیم احمد ولد کرامت علی ساکن گاؤں بوگرے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 20/02/2024 کو بوقت 9 بجے عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعوی: خرچہ نان ونفقہ عنوان: مقدس وغیرہ بنام نوید عالم اشتہار بنام: نوید عالم ولد مقبول عالم ساکن مکان نمبر 176 گلی نمبر 3 محلہ اکبر کالونی فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 26.02.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار واسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل 24/12 مرجوعہ 24/01/17 مسمات آصفہ احمد زوجہ محمد احمد ذات بودلہ سکنہ ڈوگر والہ نمبر 26 تحصیل منچن آباد بنام محمد عرفان ولد رشید احمد قوم پھلروان سکنہ منچن آباد، شمائلہ بی بی دختر محمد حیات، عبداللہ ماموں، ہمایوں اختر پسران وقار انور اقوام بودلہ سکنائے منچن آباد عنوان:- درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 ویسٹ پاکستان لینڈ ریونیو ایکٹ سال سنہ 1967 کھاتہ نمبر 12 موضع ڈوگر والہ نمبر 26 تحصیل منچن آباد۔ عنوان:- بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ طریقہ تقسیم وضع ہو چکا ہے اگر کسی کو وضع شدہ طریقہ تقسیم پر اعتراض ہے تو وہ مورخہ 24/02/21 پیش ہوکر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر طریقہ تقسیم کنفرم کردیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ صدور حکم امتناعی دوامی دتاکیدی عنوان مقدمہ۔ محمد خالد بنام نذیر احمد وغیرہ اشتہار بنام نذیر احمد، محمد شریف پسران سردار علی، رانی بی بی زوجہ ہاشم علی ذات جٹ ساکنان جھگیاں تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 20-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 24 گ ب ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حمیداں بی بی زوجہ اللہ دتہ (دختر بشیر احمد) (لاولد) جو کہ چک نمبر 24 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ جس کے وارثان میں بشیر احمد والد (پہلے فوت شد)۔ ثریا بی بی والدہ (بعد میں فوت شد)۔ اللہ دتہ خاوند، خیر دین برادر، رشیداں بی بی، مجیداں بی بی، کاکی، شمیم اختر ہمشیرگان (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 24 گ ب ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بشیر احمد ولد کریم بخش جو کہ چک نمبر 24 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں فتح بی بی والدہ، کریم بخش والد (پہلے فوت شدگان)۔ حمیداں بی بی دختر (بعد میں فوت شد)۔ ثریا بی بی بیوہ، خیر دین پسر، رشیداں بی بی، مجیداں بی بی، کاکی، شمیم اختر دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 566 گ ب ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ خدیجہ بی بی بیوہ محمد سلطان (دختر محمد انور) جو کہ چک نمبر 566 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ جس کے وارثان میں مہراں بی بی والدہ، محمد انور والد، محمد سلطان خاوند (پہلے فوت شدگان)۔ غلام فرید، عبدالستار، سردار رشید، عبدالمجید پسران، کنیزاں بی بی، بشیراں بی بی دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 36 گ ب ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد حسن سعید ولد مولوی عبدالرشید جو کہ چک نمبر 36 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں رقیہ بی بی والدہ، مولوی عبدالرشید والد (پہلے فوت شدگان)۔ شریف بی بی بیوہ، محمد سعید الرحمن، عبدالمنان سعید، عبدالرحمن سعید، منیب الرحمن سعید پسران، جویریہ حسن دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار واسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل جدید مرجوعہ 24/01/03 خاتون بی بی دختر محمد عباس بیوہ محمد سرور قوم اراجپوت سکنہ ڈھاب وزیر کا تحصیل منچن آباد بنام محمد تنویر بیگم خاوند فیض احمد قوم راجپوت سکھیرا، محمد اکرم ولد غلام محمد قوم جوئیہ چاویکا، ابوبکر صدیق، حاجرہ سرور، زارہ سرور، عمارہ سرور پسر و دختران محمد سرور، غلام صدیقہ بیوہ محمد سرور، حمیداں بی بی زوجہ محمد عقیل، محمد یسین ولد خورشید احمد، محمد اشرف ولد محمد علی، محمد اقبال ولد محمد عباس، کوثر بی بی بیوہ محمد انور، احمل لطیف دختر محمد عباس، محمد ابوذر، محمد ابو زاہد پسران محمد انور، محمد عثمان خاں، تمینہ منیر پسر و دختر محمد اقبال اقوام راجپوت سکھیرا محمد بارش ولد فرید قوم جوئیہ چاویکا، منظوراں بی بی بیوہ غلام محمد قوم وٹو، اللہ دتہ ولد نور حسن قوم انصاری، رحیم بخش ولد محمد امین قوم لنگاہ، محمد سعید ولد نور حسن قوم روانہ کھرل، کلثوم بی بی خاوند احمد یار قوم جوئیہ، فلک شیر ولد نور احمد قوم جوئیہ چاویکا، محمد اسلم ولد خان محمد قوم لنگاہ، محمد بلال ولد محمد یعقوب قوم وٹو، اللہ دتہ ولد محمد حسین قوم چوہان، محمد اقبال ولد نور حسن قوم راجپوت، محمد علی ولد محمد یعقوب، محمد عظیم ولد غلام محمد اقوام وٹو، کلثوم بی بی زوجہ خورشید احمد راجپوت ولد، زینب بی بی زوجہ محمد اشرف، محمد ارشاد ولد محمد امین اقوام لنگاہ سکنائے ڈھاب وزیر کا تحصیل منچن آباد عنوان:- درخواست بمراد صدور ڈگری تقسیم اراضی زرعی مندرجہ کھاتہ نمبر 103/108 موضع ڈھاب وزیر کا تحصیل منچن آباد۔ عنوان:- بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 24/02/21 پیش ہو کر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ملک اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار واسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل 24/11 مرجوعہ 24/01/17 محمد احمد ولد پیر محمد افضل ذات بودلہ سکنہ احمد پور میکلوڈ گنج تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر، اویس احمد ولد محمد احمد ذات بودلہ بنام منظور احمد ولد اللہ بخش، سمن خاں ولد محمد موسیٰ، محمد اکبر ولد سمن خاں، نصیب خاں ولد مجنوں خاں اقوام میو، دوخنہ کلثوم زوجہ محمد حنیف جوئیہ، عامر لطیف، روبینہ آصف پسر و دختر عبداللطیف، محمد احمد، محمد عرفان پسران رشید احمد اقوام پھلروان سکنائے جلال خاتون تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر عنوان:- درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 ویسٹ پاکستان لینڈ ریونیو ایکٹ سال سنہ 1967 کھاتہ نمبر 60 موضع جلال خاتون تحصیل منچن آباد۔ عنوان:- بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں فریق دوئم کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے فریق دوئم غیر حاضر کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ طریقہ تقسیم وضع ہو چکا ہے اگر کسی کو وضع شدہ طریقہ تقسیم پر اعتراض ہے تو وہ مورخہ 24/02/21 پیش ہو کر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر طریقہ تقسیم کنفرم کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: غلام قاسم بنام غلام حسین وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 1/2 واقع موضع خانپور تحصیل شورکوٹ۔ اخبار اشتہار بنام غلام حسین ولد مہر سلطان۔ امیر ولد نواب اقوام سدھل۔ مختار حسین ولد شیر قوم کھرل۔ بیگ ولد شیر قوم بورا۔ مختار حسین ولد اللہ دتہ۔ محمد حسین ولد محمد نواز اقوام سربانہ۔ منیر ولد لعل۔ غلام قاسم ولد اللہ بخش کھرل۔ غضنفر عباس ولد غلام عباس قوم سربانہ۔ کنیز مائی زوجہ محمد نواز قوم رجبانہ۔ سلمیٰ بی بی دختر غلام محمد قوم سدھل۔ نسیم بی بی دختر محمد نواز قوم سربانہ۔ غلام محمد ولد پہلوان قوم سدھل۔ خادم حسین ولد محمد نواز سربانہ۔ دلمیر ولد غلام قوم سیال ڈپلانہ۔ محمد ریاض ولد بشیر احمد قوم سدھل۔ ناصر عباس ولد دلمیر قوم سربانہ۔ محمد لعل ولد اللہ بخش قوم کھرل۔ مغل ولد شیر قوم بوڑا۔ علی رضا ولد اظہر عباس قوم سربانہ۔ اقبال ولد قاسم، رہنواز ولد اللہ بخش، بہادر ولد شیر۔ سیف اللہ ولد لعل اقوام کھرل۔ کبیر خان ولد محمد نواز۔ محمد ارشد عباس ولد نور احمد اقوام سربانہ۔ رجب ولد فرید۔ محمد خان ولد شیر۔ عمر دراز ولد لعل۔ ظفر ولد شیر اقوام کھرل۔ دلمیر ولد خان قوم سدھل۔ محمد اقبال ولد بہادر قوم بوڑا۔ بشیر احمد ولد محمد امیر۔ عمران خان ولد خادم حسین کھرل۔ آصف ندیم ولد دلمیر سربانہ۔ غلام شبیر ولد غلام ڈپلانہ۔ قیصر عباس ولد خادم حسین منظور حسین ولد ہمایوں۔ ممتاز عرف متو ولد خان۔ محمد رمضان ولد اللہ دتہ۔ شیر ولد خان۔ صفدر عباس ولد خادم حسین اقوام کھرل۔ آمنہ مائی زوجہ محمد اقبال قوم بوڑا۔ تنویر احمد، منیر احمد پسران اللہ دتہ قوم ڈپلانہ۔ امیر ولد لعل قوم کھرل۔ ممتاز علی ولد پہلوان۔ اسد عباس ولد غلام قاسم اقوام سربانہ۔ خادم حسین ولد ماچھیا قوم کھرل۔ محمد نواز ولد پہلوان قوم سدھل۔ طاہر عباس ولد محمد ریاض۔ مضما ورعلی ولد شیر۔ کبیر ولد محمد اقوام کھرل۔ مصور عباس دختر غلام عباس قوم سربانہ۔ اللہ دتہ ولد شیر۔ فخر شبیر ولد غلام شبیر اقوام کھرل۔ خورشید بی بی دختر منظور حسین قوم سپرا۔ شیر محمد ولد اللہ بخش۔ مختار حسین ولد لعل اقوام کھرل۔ محمد ارشد ولد خادم حسین قوم ارائیں۔ محمد اسلم ولد اللہ بخش۔ غلام شبیر ولد شبیر احمد۔ غلام شبیر ولد شیر اقوام کھرل۔ ساجد عباس ولد ممتاز علی سربانہ۔ ناصر عباس ولد محمد امیر۔ علی نواز ولد شیر اقوام بوڑا۔ محمد افضل ولد اللہ بخش۔ غضنفر عباس ولد شبیر حسین اقوام کھرل۔ زرینہ بی بی بیوہ غلام عباس قوم سربانہ۔ ڈسٹرکٹ کونسل۔ غلام جعفر ولد دلمیر۔ سرفراز ولد محمد امیر اقوام سربانہ۔ اللہ دتہ ولد شیر کھرل۔ غلام عباس ولد بہادر قوم بوڑا۔ عون رضا ولد اظہر قوم سربانہ۔ الطاف کاشف ولد خادم حسین قوم ارائیں۔ ذوالفقار علی ولد اللہ دتہ کھرل۔ غلام فاطمہ زوجہ غلام شبیر قوم بورا۔ غلام شبیر ولد ہمایوں۔ اللہ دتہ ولد فرید اقوام کھرل۔ منظور حسین ولد پہلوان ساجدہ بی بی دختر منظور حسین قوم سپرا۔ ممتاز حسین ولد وریام قوم سدھل۔ بشیر احمد ولد محمد کھرل۔ ذوالفقار علی ولد محمد امیر قوم سربانہ۔ محمد بخش ولد امیر قوم ڈپلانہ۔ بشیر احمد ولد ہماؤں کھرل۔ مظہر عباس ولد حق نواز قوم سیال رہلی۔ غلام شبیر ولد شیر محمد کھرل۔ حنا عباس دختر غلام عباس قوم سربانہ۔ ظفر عباس ولد شبیر حسین ولد دلمیر ولد لعل۔ علمدار حسین ولد ارشاد حسین اقوام کھرل۔ شاہمند ولد غلام محمد قوم ڈپلانہ۔ محمد اسلم ولد خان۔ مختار حسین ولد شیر محمد اقوام کھرل۔ غلام شبیر ولد امیر قوم بوڑا۔ مظفر ولد بہادر قوم کھرل۔ عمر دراز ولد محمد نواز قوم سربانہ۔ جاوید علی، شعیب علی پسران محمد امیر اقوام کھرل۔ نجمہ ریاض زوجہ ساجد عباس سربانہ۔ محمد عارف ولد نواز قوم چدھڑ۔ مختار احمد ولد اللہ دتہ کھرل۔ ممتاز علی خاوند کنیز فاطمہ۔ ساجد عباس ولد ممتاز علی اقوام سربانہ۔ ذکیہ بی بی دختر ممتاز علی۔ شہناز بی بی بیوہ سکندر۔ جعفر صادق، تصدق میراں۔ سمیرا بی بی۔ اللہ رکھی پسران و دختران کندر قوم بورا۔ الفت اقبال، رمشہ پروین، حریم زہرا دختران، نسرین مائی بیوہ محمد اقبال اقوام کھرل۔ تسلیم مائی زوجہ اظہر عباس، کوثر بی بی زوجہ غلام شبیر اقوام سربانہ جملہ سکنائے موضع خانپور تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 19.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب پھالیہ

انتقال وراثت متوفی محمد اسماعیل یہ کہ متوفی کے وارثان میں محمد سلیم محمد جاوید محمد اسلم محمد اکرم پسران اور شہناز کوثر دختر ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو اعتراض ہو تو اندر 10 یوم دفتر ھذا سے رابطہ کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت پاس کردیا جائے گا۔

بعدالت جناب احمد ضیاء چوہدری صاحب سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ: استقرار حق معہ دادرسی متلزمہ
عنوان: ممتاز فاطمہ بنام DHO وغیرہ
اشتہار بنام: DHO تحصیل گجرات، ایڈمنسٹریٹر، سیکرٹری یونین کونسل صابووال گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 07-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب میڈم رابعہ تعریف صاحبہ سول جج درجہ اول گجرات

دعویٰ: تعمیل مختص واستقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی
عنوان: محمد عارف وغیرہ بنام مبشر الدین وغیرہ
اشتہار بنام: سجاد احمد ڈار ولد نذیر احمد سکنہ محلہ فاروق پارک جلالپور جٹاں تحصیل وضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 20-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 36 گ ب ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد حسین ولد مولوی عبدالرشید جو کہ چک نمبر 36 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں رقیہ بی بی والدہ، مولوی عبدالرشید والد (پہلے فوت شدگان)۔ خدیجہ بی بی بیوہ، محمد خالد، محمد راشد حسین، اسامہ عزیز پسران، حمیرہ بی بی، عمارہ کوثر دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب شیخ امان اللہ صاحب ریونیو آفیسر AC-I سرکل ڈھپئی تحصیل وضلع پاکپتن شریف

سندھ ہائیکورٹ جسٹس عقیل احمد عباسی نے صوبے بھر میں الیکشن پٹیشنز کی سماعت کے لیے ٹربیونل تشکیل دے دیے، اس حوالے سے رجسٹرار سندھ ہائی کورٹ نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کراچی ڈویژن میں الیکشن پٹیشن کی سماعت کے لیے 2 بینچ تشکیل دیے گئے ہیں۔ بینچ ون جسٹس محمد کریم خان آغا اور بینچ ٹو جسٹس عدنان اقبال چوہدری پر مشتمل ہوگا۔ سکھر ڈویژن میں الیکشن پٹیشنز کی سماعت جسٹس محمد اقبال کلہوڑو اور حیدرآباد ڈویژن میں جسٹس امجد علی سہتو سماعت کریں گے۔ لاڑکانہ ڈویژن کی الیکشن پٹیشنز کی سماعت جسٹس محمد سلیم جیسر کریں گے۔ رجسٹرار سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ صوبائی الیکشن کمیشن نے صوبے میں الیکشن پٹیشن کی سماعت کے لیے ٹریبونل کی تشکیل کے لیے خط لکھا تھا۔ الیکشن ٹریبونلز انتخابات میں ہونے والی مبینہ دھاندلی سے متعلق سماعت کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

نسواں مشعال حسین ملک نے اپنے شوہر، جے کے ایل ایف کے چیئرمین یاسین ملک کے ساتھ بھارتی حکام کے غیر انسانی رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یاسین ملک کی صحت اس وقت تشویشناک حد تک بگڑ گئی جب انہوں نے عدالتی احکامات کے باوجود مناسب علاج کے لیے ہسپتال لے جانے میں تاخیری حربوں اور حکام کے غیر انسانی رویے کے خلاف احتجاجاً ادویات لینا بند کر دیں۔ اپنے بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ یاسین ملک کو لگائے گئے پیس میکر کی میعاد ختم ہونے کے بعد ناکارہ ہو چکے ہیں جس سے ان کی جان کو خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یاسین ملک دل کی تکلیف کے علاوہ گردوں کے عارضے میں بھی مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصدقہ اطلاعات کے مطابق یاسین ملک کے جسمانی وزن میں بھی کافی حد تک کمی واقع ہوئی ہے جو کہ تشویش کا باعث ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق تہاڑ جیل میں مناسب علاج نہ ہونے کی وجہ سے محمد یاسین ملک کی صحت تیزی سے بگڑ رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ صرف دو ہفتے قبل یاسین ملک کی والدہ نے اپنے بیٹے کی بگڑتی ہوئی صحت اور ان کی صحت میں حکام کی عدم دلچسپی کی طرف توجہ مبذول کرانے کے لیے دہلی کی ایک عدالت سے رجوع کیا۔ عدالت سے اپنی درخواست میں، ان کی والدہ نے اپنے بیٹے کے علاج کے اخراجات خود اٹھانے کی آمادگی بھی ظاہر کی تھی۔ مشعال ملک نے کہا کہ ان کے شوہر یاسین ملک کی بگڑتی طبیعت اور عدالتی احکامات کے پیش نظر یاسین ملک کو فوری طور پر اسپتال منتقل اور مکمل صحت یابی تک ڈاکٹروں کی نگرانی میں رکھا جانا چاہیے تھا۔

بعدالت جناب عمران محمد خان صاحب جج فیملی کورٹ سمندری ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ ۔بعنوان: رخسانہ کوثر بنام سیف اللہ۔ اشتہار بنام سیف اللہ ولد نصیر احمد ساکن چک نمبر 435 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ۔ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 24-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب

اشتہار وراثتی انتقال ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی غلام عباس ولد نذیر احمد قوم بھٹی سکنہ چک نمبر 291 ر ب جو کہ قضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے، جس کا سرٹیفکیٹ اف ہے۔ جس کا وراثتی انتقال ہونا لازمی ہے جس کا رقبہ چک 291 میں واقع ہے۔ جس کے بازگشت وارثان میں نذیر احمد پہلے فوت شدہ۔ بکھاں بی بی پہلے فوت شدہ جنت بی بی زندہ۔ محمد اشرف تبسم زندہ۔ شبیر حسین زندہ۔ مرید حسین انجم زندہ۔ تنویر حسین زندہ۔ فرحت نسیم بی بی زندہ۔ سونیا عباس زندہ۔ نوشابہ رانی زندہ۔ نرگس شبیر زندہ۔ ثمینہ عباس زندہ۔ مسرت بی بی زندہ۔ اور رفیعہ عباس کو زندہ ظاہر کیا گیا ہے۔ لہٰذا اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اخبار اشتہار کے 7 یوم کے اندر متعلقہ ادارے سے رجوع کرے بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 775 وراثت موضع گاگا کے تحت سائل کی والدہ ارشاد بی بی بیوہ محمد بوٹا کا فوت ہونا مورخہ /درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں عبدالستار، افتخار احمد، خالد محمود، گلزار احمد پسران رخسانہ بیگم، ریحانہ آصف، نازیہ محسن علی، فرزانہ کوثر دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1193 وراثت موضع مرزا گورائیہ کے تحت متوفیہ فاطمہ بی بی کا فوت ہونا مورخہ /درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں محمد اشرف، نذیر حسین، شوکت علی پسران دلاور حسین، بابر طالب، خاور حسین، حسنین طاہر پوتے عصمت بانو، راحیہ طالب پوتیاں بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 396 وراثت موضع بریار کے تحت سائل کا والد محمد شریف ولد محمد حسین کا فوت ہونا مورخہ /23/06/2018 درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں صغراں بی بی بیوہ فیصل شریف، قیصر شریف، وقاص احمد، جبار علی پسران سعدیہ پروین، پروین بی بی دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بقیہ بقیہ جات 14

حلقے این اے 15 کی ریٹرننگ افسر کو تبدیل کر کے ڈاکٹر جدون کو تعینات کر دیا گیا، اس حلقے میں آزاد امیدوار شہزادہ گشتاسپ خان نے نواز شریف کو شکست دی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 15

اشیاء کھانے پر پابندی عائد کر دی۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق میٹھے مشروبات سے کئی امراض لاحق ہوتے ہیں، وفاقی وزارت صحت نے اپنے ماتحت اداروں میں میٹھی اشیاء استعمال کرنے پر پابندی لگا دی ہے۔ وزارت صحت سے منسلک تمام اداروں میں اب میٹھی اشیاء کھانے پینے کی اجازت نہیں ہے۔ نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان کی جانب سے ایڈوائزری جاری کر دی گئی ہے کہ میٹھے مشروبات سے متعدی اور غیر متعدی امراض لاحق ہوتے ہیں۔ سرکاری اجلاسوں یا تقریبات میں میٹھی مصنوعات استعمال نہیں ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 16

کہے گا کہ آپ لوگ تحریک عدم اعتماد جمع کرا دیں؟ کیا کوئی کسی کو تحریک عدم اعتماد کے لیے دباؤ ڈال سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ تحریک عدم اعتماد اگر جنرل (ر) قمر باجوہ نے کروائی تو فضل الرحمٰن نے واپس لینے کا کیوں کہا؟

بقیہ بقیہ جات 17

2023 کے دوران جمہوری معیارات گرے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایچ آف کنفلٹ کے عنوان سے جاری رپورٹ میں دنیا بھر کی 165 آزاد ریاستوں اور 2 خودمختار خطوں کا جائزہ لیا گیا ہے، ہر ملک کی 4 میں سے ایک کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے، جس میں مکمل جمہوریت، ناقص جمہوریت، ہائبرڈ نظام اور آمرانہ نظام شامل ہے۔ اس انڈیکس کے مطابق سرفہرست تین ممالک ناروے، نیوزی لینڈ اور آئس لینڈ ہیں، جبکہ آخری نمبروں پر شمالی کوریا، میانمار اور افغانستان ہیں۔ 2023 میں عالمی اوسط انڈیکس اسکور گر کر 5.23 ہو گیا، جو 2006 میں انڈیکس شائع ہونے کے بعد سے کم ترین سطح کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ ایک برس قبل انڈیکس 5.29 تھا۔ ایشیا میں پاکستان کے انڈیکس میں بڑی کمی ہوئی، اس کا اسکور گر کر 3.25 پر آگیا، جس کے نتیجے میں یہ ہائبرڈ رجیم سے تنزلی کے بعد آمرانہ رجیم کی درجہ بندی میں آگیا، جبکہ عالمی سطح پر رینکنگ میں 11 مقام نیچے چلا گیا، یہ بات قابل ذکر ہے کہ خطے کے 28 ممالک میں سے نصف سے زائد (15) کے اسکور میں کمی ہوئی اور صرف 8 ممالک کا اسکور بہتر ہوا۔ پاکستان دنیا کے 6 ممالک میں سے ایک ہے، جس کے درجے کو تبدیل کیا گیا ہے، دیگر ممالک میں یونان کو بہتری کے بعد مکمل جمہوریت، پاپوا نیوگنی اور پیراگوئے ہائبرڈ رجیم سے بہتری کے بعد ناقص جمہوریت اور انگولا کو آمرانہ سے تبدیل کر کے ہائبرڈ نظام میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ ملک میں انتخابات ہو رہے ہیں، ای آئی یو نے کہا کہ حیران کن نہیں کہ بنگلہ دیش، پاکستان اور روس میں رجیم چینج یا زیادہ جمہوریت نہیں آئے گی۔ اکنامک انٹیلیجنس یونٹ نے کہا کہ فوج کے سیاسی اثر ورسوخ کا مطلب ہے کہ انتخابات آزادانہ، منصفانہ یا مسابقتی ہونے سے بہت دور ہیں۔

بعدالت جناب میڈم فوزیہ سائرہ صاحبہ فاضل سول جج شیخوپورہ

محمد رمضان بنام شاکر علی وغیرہ

شاکر علی، محمد اشفاق، مشتاق احمد پسران امیر علی خاں پسران، ریحانہ بی بی بیوہ محمد عباس اقوام راجپوت ساکنان کھمبیانوالہ ڈاکخانہ مانانوالہ تحصیل وضلع شیخوپورہ

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 17-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ایڈیشنل کمشنر صاحب ریونیو ساہیوال کیمپ ایٹ پاکپتن

عنوان مقدمہ: مسماۃ بسم اللہ بی بی وغیرہ، بنام: مسماۃ فاطمہ بی بی وغیرہ، اپیل ریونیو، بنام: مسماۃ فاطمہ بی بی بیوہ نور احمد، عمر ایاز ولد نور احمد اقوام جوئیہ سکنائے چک نمبر 9/S.P تحصیل وضلع پاکپتن۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعاعلیہ /مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 21-02-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

گمشدہ پالیسی کاغذات

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اسٹیٹ لائف جاری کردہ انشورنس پالیسی نمبر 5068210670 بنام مسٹر منظر مہدی خان ولد عاشق حسین خان پتہ محلہ دارالسلام گلی رانا بوٹے خان ریلوے روڈ شیخوپورہ گم ہوگئی ہے اگر ایک ماہ کے اندر اندر کوئی اعتراض موصول نہ ہوا تا مثنیٰ جاری کر دی جائے گی ڈپٹی مینجر پی ایچ ایس اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن غازی علم دین روڈ لاہور

بعدالت جناب سید محمد عمر صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شیخوپورہ

معروفاں بی بی بیوہ وغیرہ بنام عبدالمجید

عبدالمجید ولد دل محمد قوم راجپوت ساکن ڈاکخانہ مانہ لووال سریانوالہ تحصیل وضلع شیخوپورہ

سول اپیل

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 23-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب عمران محمد خان صاحب جج فیملی کورٹ سمندری ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح ۔بعنوان: معظمہ بنام جنید اختر۔ اشتہار بنام جنید اختر ولد اصغر علی ساکن چک نمبر 216 رب محمد والا تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ۔ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 27-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بقیہ بقیہ جات 18

خلاف کارروائی سپریم جوڈیشل کونسل کا دائرہ اختیار نہیں ہے۔ سیکریٹری سپریم جوڈیشل کونسل کو لکھے گئے خط میں جسٹس (ریٹائرڈ) مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا کہ سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی میرے استعفے کے باوجود جاری ہے، میں 10 جنوری کو مستعفی ہو چکا ہوں، صدر مملکت نے میرا استعفیٰ منظور بھی کر لیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میرے استعفے کی منظوری کا نوٹیفکیشن آفیشل گزٹ میں بھی شائع ہو چکا ہے،

بقیہ بقیہ جات 19

کر گئے۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 765 بچے نمونیہ کا شکار ہو گئے جبکہ رواں برس پنجاب سے 27476 کیسز رپورٹ ہوئے۔ مزید 12 بچے نمونیا سے انتقال کر گئے، انتقال کرنے والے بچوں میں سے 4 کا تعلق فیصل آباد، 3 بہاولپور جبکہ 2 کا حافظ آباد سے ہے۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق رواں برس نمونیہ سے انتقال کرنے والے بچوں کی تعداد 374 ہو گئی۔ محکمہ صحت پنجاب نے والدین کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو سردی سے بچائیں اور حفاظتی ٹیکوں کا کورس پورا کروائیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

دائر درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی سکیورٹی سے متعلق اخراجات کی تفصیلات طلب کر لیں اور ریمارکس دیئے کہ پی ایس ایل کے باعث لاہور میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے شہر میں سموگ کے تدارک کے لیے دائر درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت میں واسا، پی ایچ اے، حکومت وکیل سمیت دیگر محکموں کے لیگل ایڈوائزر پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عدالت نے آج (ہفتہ) 17 فروری سے شروع ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ پاکستان سپر لیگ کی سکیورٹی سے متعلق اخراجات کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ پی ایس ایل کے باعث اسموگ کے تدارک کے لیے اقدامات بے اثر ہوئے۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ پی ایس ایل کے باعث لاہور میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے، سڑکوں پر ٹریفک جام ہو جاتی ہے

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول / جج فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ اعادہ حقوق زن آشوئی ۔محمد اکبر ولد محمد اشرف بنام م۔ثناء چوہدری دختر اللہ دتہ ساکن چک نمبر 422 گ ب حال مقیم سٹیٹ ایجنسی ستیانہ روڈ فیصل آباد مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 19-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب گارڈین جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

بعنوان اللہ دتہ بنام عوام الناس اخبار اشتہار بنام عوام الناس، اللہ دتہ ولد محمد طفیل ساکن حال مقیم زاہد ٹاؤن تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ دعویٰ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 23-02-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ (مہر عدالت) (دستخط حاکم)

بعدالت جناب میڈم فوزیہ سائرہ صاحبہ فاضل سول جج شیخوپورہ

عبدالقیوم سندھو بنام امجد فاروق سندھو

امجد فاروق سندھو ولد اسغر علی قوم جٹ ساکن دھبان خورد چک نمبر 13 تحصیل صفدرآباد ضلع شیخوپورہ

دعویٰ استقرار حق

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 18-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب زرتاشیہ نواز صاحبہ سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ننکانہ صاحب

دعویٰ: استقرار حق معہ حکم تاکیدی

عنوان مقدمہ: شبانہ بی بی بنام عوام الناس وغیرہ

پتہ سائلہ: شبانہ بی بی دختر احمد علی قوم وٹو ساکن چک نمبر 567 گ ب عیسیٰ خیل رنی کے تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر مورخہ 19-02-2024 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم فوزیہ سائرہ صاحبہ فاضل سول جج شیخوپورہ

محمد رمضان بنام شاکر علی وغیرہ

شاکر علی، محمد اشفاق، مشتاق احمد پسران امیر علی خاں پسران، ریحانہ بی بی بیوہ محمد عباس اقوام راجپوت ساکنان کھمبیانوالہ ڈاکخانہ مانانوالہ تحصیل وضلع شیخوپورہ

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 17-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا ۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

قوم عمران خان کے نظریئے کے ساتھ کھڑی ہے' ریاض فتیانہ

خدمت شرافت اور مثبت سوچ کی سیاست کی جیت ہوئی' نومنتخب ایم این اے حلقہ این اے 107

لاہور (سٹی رپورٹر) نومنتخب ایم این اے حلقہ این اے 107 ریاض فتیانہ نے اپنی کامیابی پر حلقہ کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خدمت شرافت اور مثبت سوچ کی سیاست کی جیت ہوئی۔ قوم عمران خان کے نظریئے کے ساتھ کھڑی ہے۔ پاکستان کی تعمیر وترقی خوشحالی ایماندار قیادت ہی لائے گی۔ حلقہ این اے 107 میں تعلیم روزگار صحت کے منصوبے ہماری اولین ترجیح ہیں اور رہیں گے۔ یونیورسٹی، ہسپتال، تعلیمی ادارے کالجز، فلاحی منصوبے جلد بہتر سے بہترین انداز میں علاقے کو آگے لے کر جائیں گے۔ کمالیہ اور پیر محل میں ہمارے ہر دور میں یکساں ترقی ہوئی اس بار پہلے سے زیادہ رفتار کے ساتھ تعمیر وترقی کے جال بچھائیں گے

نواز شریف کا ہر فیصلہ قوم کے دل کی دھڑکن ہے' ندیم بٹ

نواز شریف امت مسلمہ کا وہ واحد لیڈر ہے جس نے پاکستان کو مسلم امہ کا پہلا ایٹمی قوت ملک بنایا

لاہور (سٹی رپورٹر) سینئر رہنما مسلم لیگ ن ندیم بٹ نے کہا ہے کہ قائد پاکستان مسلم لیگ ن میاں نواز شریف کا ہر فیصلہ قوم کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی دھڑکن ہے۔ میاں نواز شریف امت مسلمہ کا وہ واحد لیڈر ہے جس نے پاکستان کو مسلم امہ کا پہلا ایٹمی قوت ملک بنایا۔ سی پیک، گوادر پورٹ، موٹرویز، صنعتی زونز، تعمیر وترقی شیر پاکستان میاں نواز شریف کے دور میں ہوئی۔ قوم کے خوابوں کی تعبیر مسلم لیگ ن ہی دے گی۔ میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف پاکستان کے 25 کروڑ عوام کے قائد اور رہبر ہیں۔ پاکستان کے غیور عوام کی محبتوں کے امین شریف برادران پاکستان میں ترقی کے نئے دور کا آغاز کرینگے۔

لاہور، ندیم پہلوان جشن شان قلندر کے موقع پر خرم باری، میڈیم ممتاز، دردانہ رحمان کو ایوارڈ دے رہے ہیں

عوام جعلی تبدیلی سرکار کو مسترد کر کے ن لیگ کیساتھ کھڑی ہے' عمران خان

مہنگائی، بحران، معاشی مشکلات پی ٹی آئی کے غلط فیصلوں کا نتیجہ ہے' صدر ن لیگ کولون ہانگ کانگ

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن کولون ہانگ کانگ کے صدر عمران خان نے کہا ہے مہنگائی بحران اور معاشی مشکلات پی ٹی آئی کے غلط فیصلوں کا نتیجہ ہے۔ دانشمند غیور عوام اس جعلی تبدیلی سرکار کو مسترد کر کے مسلم لیگ ن کے ساتھ کھڑی ہے۔ مسلم لیگ ن نے ہر دور میں بزنس کمیونٹی، صنعتکار اور عام آدمی کو ریلیف دیا اور اس بار بھی دے گی۔ بجلی گیس پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نیچے آئیں گے ڈالر کا زور ٹوٹے گا روپے کی قدر بڑھے گی۔ عوام دوست اقدامات کر کے غربت میں کمی اور روزگار کے وافر مواقع پیدا کیئے جائیں گے۔ مسلم لیگ ن اپنے وعدوں کو پورا کرے گی لنگر خانے کھولنے کی بجائے کارخانے اور فیکٹریاں لگائیں گے۔

جو مرضی کر لیں بشریٰ بی بی کا حوصلہ توڑ نہیں سکو گے' مسرت چیمہ

بشریٰ بی بی کے کھانے میں ایسی چیزیں ملائی جارہی ہیں جس سے ان کا گلہ، معدہ جل گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کے کھانے میں ایسی چیزیں ملائی جارہی ہیں جس سے ان کا گلہ اور معدہ جل گیا ہے، 6 دن سے وہ کچھ کھا نہیں سکیں، عمران خان کے خاندان کی حفاظت پر بہت سے سوالیہ نشان ہیں۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پہلے بشریٰ بی بی کو جھکانے کے لئے ان کی کردار کشی (بقیہ نمبر 48)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے' متحدہ علما کونسل

آئی ایم ایف کے کہنے پر حکمران عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں، خدارا عوام کی حالت پر رحم کیا جائے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے نگران حکومت نے (بقیہ نمبر 47)

سبزی منڈی بادامی باغ راوی روڈ مسائل کی آماجگاہ بن چکی' اعجاز چوہدری

آڑھتی مزدور بیوپاری خریدار اس مضر صحت ماحول سے سنگین مسائل سے دوچار ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) انجمن آڑھتیاں مرکزی سبزی منڈی بادامی باغ کے صدر اعجاز چوہدری نے کہا ہے مرکزی سبزی منڈی بادامی باغ راوی روڈ مسائل کی آماجگاہ بن چکی ہے۔ گندگی غلاظت کے ڈھیر اور تعفن بدبو انسانی زندگیوں کو خطرات لاحق کر رہے ہیں۔ آڑھتی مزدور بیوپاری خریدار اس مضر صحت ماحول سے سنگین مسائل سے دوچار ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں پنجاب میں نئی بننے والی حکومت (بقیہ نمبر 46)

معیشت کو درپیش مسائل سیاسی قیادت سے یکجہتی کے متقاضی ہیں' نعیم الرحمان

قوم مہنگائی معاشی نامساعد حالات ٹیکسوں کہ بھر مار میں ریلیف کے منتظر ہیں' چیئرمین پیاف

لاہور (سٹی رپورٹر) چیئرمین پیاف نعیم الرحمان سہگل نے کہا ہے ملکی معیشت کو درپیش مسائل ملکی سیاسی قیادت سے یکجہتی کے متقاضی ہیں۔ قوم مہنگائی معاشی نامساعد حالات ٹیکسوں کہ بھر مار میں ریلیف کے منتظر ہیں۔ سبسڈیز ملنے سے ہی صنعتیں خوشحال اور کاروبار فعال ہو سکتے ہیں۔ ملکی معاشی امور کو سازگار حالات میسر آنے سے مایوسی اور تاریکی ختم ہوگی روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ قوم کی خوشحالی مضبوط معاشی حالات سے ہی ممکن بن سکتی ہے۔ تاجر صنعتکار کو ریلیف اور سبسڈیز ملنے سے ہی بتدریج نیچے تک خوشحالی وترقی کے ثمرات جائینگے۔

علامہ ابوالحسنات کی خدمات ناقابل فراموش ہیں' مصطفیٰ اشرف

ملت اسلامیہ عموماً اور مسلک اہل سنت خصوصاً آپ کی قومی ودینی خدمات کا ہمیشہ احسان مند رہیگا

لاہور (پ ر) علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ملت اسلامیہ عموماً اور مسلک اہل سنت خصوصاً آپ کی قومی ودینی خدمات کا ہمیشہ احسان مند رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار امیر عالمی جماعت اہل سنت وامیر مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف وسجادہ نشین مفتی پیر سید مصطفیٰ اشرف رضوی نے علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادریؒ کی ملت اسلامیہ کے لئے خدمات کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ مفتی پیر سید مصطفیٰ اشرف رضوی کا کہنا تھا کہ علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری ''ملت اسلامیہ کا روشن باب ہیں ان کی گراں قدر خدمات قابل ستائش و قابل تقلید ہیں انہوں نے نامساعد حالات کے باوجود آزادی کشمیر کی تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کر کے غازی کشمیر کے لقب سے مشہور ہوئے۔ تحریک ختم نبوت کے اولین سالاروں میں سے ایک سالار کے طور پر اپنا تن من (بقیہ نمبر 44)

لاہور، جیلانی پارک میں شہری بچیوں کو سکوٹی چلانا سکھا رہا ہے

پیپلز پارٹی نے کبھی بھی ذاتی مفاد کیلئے سیاست نہیں کی' رانا جمیل منج

جمہوریت کی بقا، سالمیت کی جتنی وفادار پیپلز پارٹی ہے کوئی اور جماعت نظر نہیں آرہی

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے کبھی بھی ذاتی مفاد کے لئے سیاست نہیں کی اور یہی ہمارا ریکارڈ ہے کہ ہم نے حکومت کم اور عوام کے حقوق کے لیے اپوزیشن زیادہ کی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ جمہوریت کی بقا اور سالمیت کی جتنی وفادار پاکستان پیپلز پارٹی ہے کوئی اور جماعت نظر نہیں آ رہی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ سیاست دانوں کو چاہیے کہ انتہا پسندی اور ذاتی (بقیہ نمبر 40)

شہر بھر میں سرچ آپریشنز جاری رکھے جائیں' سی سی پی او لاہور کی ہدایت

لاہور (این این آئی) کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس نے رواں سال اب تک 589 سرچ آپریشنز کے دوران 16995 گھروں، 8224 کرایہ داروں اور 59362 اشخاص کو چیک کیا ہے۔ دوران سرچ آپریشنز کرایہ داری ایکٹ کے تحت 121 اشخاص کے خلاف قانونی کارروائی کی (بقیہ نمبر 41)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

فیصل آباد سلوت سعید کی زیر صدارت امتحان میٹرک سالانہ کے انعقاد کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

فیصل آباد (شفاقت علی راجپوت) ر/ چیئرپرسن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد سلوت سعید کی زیر صدارت امتحان میٹرک سالانہ کے انعقاد کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ یکم مارچ سے شروع ہونے والے امتحانات کے لئے ڈویژن سطح پر مجموعی طور پر 561 سنٹرز قائم کئے گئے ہیں۔ کمشنر/ چیئرپرسن نے کہا کہ شفاف امتحانات کا انعقاد ترجیح ہے لہذا سابقہ تجربات کو مدنظر رکھ کر غلطیوں کا بروقت ازالہ کر لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی عملہ کی فہرستوں کو فوری فائنل کریں جبکہ چاروں اضلاع کی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز اپنے دفاتر میں کنٹرول رومز کو فعال بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ چاروں اضلاع کی ایجوکیشن اتھارٹیز کی طرف سے ٹریننگ سنٹر پر فوکل پرسن مقرر کیا جائے اور وہ ٹریننگ وامتحانی سنٹر کے وزٹ بھی کریں گی۔ کمشنر/ چیئرپرسن نے بورڈ افسران سے کہا کہ کسی بھی انتظامی کمزوری کو دور کر لیں، ڈپٹی کمشنرز کی بھی معاونت ہوگی۔ سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر حبیب الرحمان، کنٹرولر ڈاکٹر محمد جعفر علی اور چاروں اضلاع کے سی او ز ایجوکیشن بھی اجلاس میں موجود تھے۔

یوم سرگودھا 22 فروری کو منایا جائے گا، کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی

سابق ڈائریکٹر آرٹس کونسل طارق محمود ملک، معروف شاعرہ نجمہ منصور اور معروف خطاط طارق محمود بھی موجود تھے

سرگودھا) بیورو چیف (یوم سرگودھا 22 فروری کو منایا جائے گا، کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی نے کہا ہے کہ سرگودھا آرٹس کونسل کے بورڈ آف مینجمنٹ کی جانب سے 'یوم سرگودھا' منانے کا فیصلہ خوش آئند ہے اور اس کے لیے ڈویژنل انتظامیہ ہر ممکن معاونت کرے گی۔ وہ گذشتہ روز اپنے دفتر میں سرگودھا آرٹس کونسل کے بورڈ آف مینجمنٹ کے منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ صدر بورڈ پروفیسر ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم، ڈائریکٹر آرٹس کونسل اسد احمد، ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک، سینئر آرٹسٹ انعام خان، سابق ڈائریکٹر آرٹس کونسل طارق محمود ملک، معروف شاعرہ نجمہ منصور اور معروف خطاط طارق محمود بھی موجود تھے۔ کمشنر نے کہا کہ 22 فروری کو منائے جانے والے مجوزہ یوم سرگودھا کی تیاریوں کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے اور اس کی تقریبات میں تمام مکاتب فکر کے افراد کو شرکت کی دعوت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر سرگودھا کی اہم شخصیات کو ان کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ بھی دیے جائیں۔ کمشنر نے کہا کہ اس کے بعد کسی دن سرگودھا میں ایک یادگار مشاعرہ بھی ہونا چاہیے۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ انعام خان اور طارق ابوذر شائقین کے لیے سٹیج ڈرامہ پیش کریں گے۔

مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ کا اجلاس زیر صدارت سرپرست اعلی ایس محمد حسین منعقد ہوا

ڈسکہ) محمد بلال سے (مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ کا اجلاس زیر صدارت سرپرست اعلی ایس محمد حسین منعقد ہوا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا صدر مرکزی انجمن میاں محمد اشرف صراف جنرل سیکرٹری شہزادہ انجم گوشی بٹ سمیت انجمن تاجران کے صدور کی بڑی تعداد نے شرکت کی جس میں مرکزی انجمن تاجران کو مزید فعال کرنے رجسٹرڈ کروانے اور چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشا کا الیکشن میں بھرپور ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا اور افضل منشا نے جس جواں مردی کے ساتھ الیکشن لڑا اس کو سراہا اور ڈسکہ شہر میں تمام پولنگ اسٹیشنز پر کامیابی کو تاجران اور عوام کی کامیابی قرار دیا چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشا نے تاجر برادری کا بھرپور شکریہ ادا کیا جس طرح تاجر برادری نے بازاروں اور مارکیٹوں میں اپنے بیٹے بھائی کا استقبال کیا پھولوں کے ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے میں ساری زندگی آپ کی محبتوں کو نہیں بھول سکتا میں تمام بازاروں مارکیٹوں پلازوں پسرور روڈ کالج روڈ وزیر آباد روڈ سرکلر روڈ بنک روڈ سمبڑیال روڈ جاکے روڈ پرانا ڈسکہ مین بازار میں اہلیان ڈسکہ کی تمام تاجر برادری کی محبتوں کا قرض دار رہوں گا انشااللہ مجھے اپنی تاجر برادری پر فخر ہے اور ہمیشہ رہے گا اجلاس کے اختتام پر شیخ محمد جاوید چشتی نے تاجر برادری، اہلیان ڈسکہ اور ملک وقوم کیلئے خصوصی دعا کی

پاکستان بھر کی طرح ننکانہ صاحب میں بھی 16 فروری ورلڈ پیرامیڈکس ڈے منایا گیا

16 فروری 2024ء
ورلڈ پیرامیڈکس ڈے
ہمارا مشن انسانیت کی خدمت
پیرامیڈکس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ

ننکانہ صاحب) غلام سرور (پاکستان بھر کی طرح ننکانہ صاحب میں بھی 16 فروری ورلڈ پیرامیڈکس ڈے منایا گیا تفصیلات کے مطابق پاکستان بھر کی طرح ننکانہ صاحب میں بھی 16 فروری ورلڈ پیرامیڈکس ڈے منایا گیا اس موقع پر ریلیاں سیمینار اور پیرامیڈکس کی اہمیت پر پروگرامز منعقد کیے گئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب میں ورلڈ پیرامیڈکس ڈے منایا گیا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ مائنر آپریشن تھیٹر میں پیرامیڈکس نے کیک کاٹا ریلی کا انعقاد کیا یاد رہے پیرامیڈکس محکمہ ہیلتھ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور صحت کی سہولیات میں ان کا کلیدی کردار ہے ہسپتالوں کی ٹیسٹ لیبارٹریاں آپریشن تھیٹر ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ ٹی بی پروگرام فارمیسز مائی نیراوٹیز ایمرجنسیز ڈائلسز ڈیپارٹمنٹ پیرامیڈکس کی کاوشوں سے عوام الناس کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں سی ای او ہیلتھ ننکانہ ڈاکٹر محمد اظہر امین نے پیرامیڈکس کو ورلڈ پیرامیڈکس ڈے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں صحت کی سہولیات کے لیے پیرامیڈکس کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا پیرامیڈکس فرنٹ لائن سولجر ہے قابل فخر پیرامیڈکس کو سلام پیش کرتا ہوں

ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون جاری ہے

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد (ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون جاری ہے۔ تھانہ سٹی شاہ کوٹ پولیس کا منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ۔ مختلف کارروائیوں کے دوران 4 منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی شاہ کوٹ پولیس نے گرفتار ملزمان سے ڈیڑھ کلو سے زائد منشیات اور 22 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان اکرام، حسنین نواز، ناصر حسین اور عبدالرحمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔ ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز نے ایس ایچ او وقاص انور اور ہمراہی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ منشیات کا ناسور پھیلانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں۔ معاشرے کو نشہ کی لعنت سے محفوظ بنانا ضلعی پولیس کا عزم ہے۔

شیخوپورہ میونسپل کمیٹی ملازم (ندیم قریشی) بھتہ لینے میں مصروف،

اعلی افسران سے مطالبہ ہے کہ غریب ریڑھی والوں پہ رحم کیا جائے اور ایسے لوگوں سے نجات دلائی جائے

شیخوپورہ) بیورو چیف شاہ زیب سے (میونسپل کمیٹی کا عملہ) ندیم قریشی ودیگر شیخوپورہ بتی چوک ریڑھی وکھوکھا بانوں سے سرعام بھتہ وصول کرتیلگے روزانہ کی بنیاد پر پھل فروشوں سے اپنے زور پر پھل بھتے کی صورت میں لے کے جاتے ہیں بھتہ یا کوئی اور چیز نہ دینے کی صورت میں ریڑھی اٹھا کے لے جاتے بعض غریب لوگوں کی ریڑھیاں الٹا دیتے کل بھی اسی طرح ایک ناشتے والے نے فری ناشتہ دینے سے انکار کیا تو ندیم اور اس ساتھی اس سے مار پیٹ شروع کر دی اور سنگین نتائج کی دھمکی دیتے ہوئے چلے گئے محنت کش 15 سالہ) مزمل (گھر کا واحد کفیل ہے۔ اعلی افسران سے مطالبہ ہے کہ غریب ریڑھی والوں پہ رحم کیا جائے اور ایسے لوگوں سے نجات دلائی جائے تا کہ ہم اپنا روزگار چلا سکے

کمالیہ کے سپوت مخدوم سید طارق محمود الحسن کو ایم ڈی بیت المال پاکستان تعینات کر دیا گیا

کمالیہ) نامہ نگار (کمالیہ کے سپوت مخدوم سید طارق محمود الحسن کو ایم ڈی بیت المال پاکستان تعینات کر دیا گیا فیڈرل کابینہ نے منظوری دے دی اہالی علاقہ میں ان کی نامزدگی کے بعد خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیل کے مطابق کمالیہ سے تعلق رکھنے والے مخدوم سید طارق محمود الحسن کو ایم ڈی پاکستن بیت المال نامزد کر دیا گیا ہے وہ اس سے قبل معاون خصوصی وزیراعظم پاکستان رہ چکے ہیں کمالیہ بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری کے طور پر خدمات دے چکے ہیں اس سے قبل 2005 میں مخدوم سید طارق محمود الحسن صاحب چیئرمین بیت المال ٹوبہ ٹیک سنگھ رہ چکے ہیں، نامزدگی کے بعد مخدوم سید طارق محمود الحسن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھ پر جو ذمہ داری ڈالی گئی ہے اس کو احسن طریقے سے نبھانے کی کوشش کروں گا میری خواہش ہے کہ باقی جو زندگی ہے وہ فلاحی کاموں میں گزار سکوں اس کے لیے ایسے کاموں کی تلاش میں رہتا ہوں جس سے عوام کو فائدہ پہنچے

جس ملک کی معیشت خاص طور پر زراعت کو تباہ کرنا یا کروانا ہو وہاں ڈیزل اور زرعی مشینری، بجلی وغیرہ مہنگی کر دیں، میاں زاہد الرحمٰن

کمالیہ) نامہ نگار (تحصیل صدر مسلم لیگ ن کسان ونگ کمالیہ میاں زاہد الرحمٰن نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جس ملک کی معیشت خاص طور پر زراعت کو تباہ کرنا یا کروانا ہو وہاں ڈیزل اور زرعی مشینری، بجلی وغیرہ مہنگی کر دیں۔ پاکستان کو صرف زراعت ہی بام عروج پر پہنچا سکتی تھی اور اغیار کو یہ بات معلوم تھی تو پھر کیا ہوا زراعت کے ساتھ اور دنیا کی سب سے زیادہ زرخیز زمین کے باسی خوراک میں بھی خود کفیل نہیں اور بھارتی پنجاب، جو ہمارے پنجاب سے بہت چھوٹا ہے، سے پورے بھارت کی خوراک پوری ہو رہی ہے۔ وہاں زراعت کو ترقی دینے والی چیزوں کی قیمت اسی نوے فیصد کم ہے۔

قصور کے نواحی گاں متھر اداس میں حادثاتی طور پر آگ لگنے سے ایک شخص بری طرح سے جھلس گیا

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس سے (قصور کے نواحی گاں متھر اداس میں حادثاتی طور پر آگ لگنے سے ایک شخص بری طرح سے جھلس گیا، زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ قصور کے نواحی گاں متھرا داس میں ایک گھر میں میاں بیوی کا جھگڑا ہو رہا تھا کہ اچانک چولہے کے پاس پڑے ہوئے پٹرول نے آگ پکڑ لی جس کی زد میں آ کر نذیر احمد بری طرح سے جھلس کر زخمی ہو گیا، زخمی کو علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس تھانہ صدر پھولنگر مصروف کاروائی ہے۔ تھانہ صدر چوکی میں محمد عاطف خان نے اطلاع دی ہے کہ چک 27 ڈھولن کے قریب میرے گھر سے 22 کس نامعلوم اسلحہ کی نوک پر 1.5 لاکھ روپے کیش، 13 تولہ طلائی زیورات ودیگر قیمتی سامان لوٹ کر لے گئے ہیں

ڈی ایس پی ٹریفک قصور شہر میں ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کیلئے متحرک،

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) ڈی ایس پی ٹریفک قصور شہر میں ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کیلئے متحرک، للیانی اڈا چوک سمیت جگہ جگہ مین سڑک کے اطراف میں موجود کاروں کو لفٹروں سے اٹھا لیا گیا۔ ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو کی خصوصی ہدایت پر ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کیلئے ڈی ایس پی ٹریفک قصور اقبال حمید نے قصور شہر میں آپریشن کا آغاز کر دیا، اسٹیل باغ چوک، للیانی اڈا سمیت دیگر جگہوں پر عرصہ سے موجود ناجائز تجاوزات بلخصوص کاروں کے ٹیکسی اسٹینڈ وں کیخلاف آپریشن کیا، ٹریفک پولیس قصور میونسپل کمیٹی قصور اور ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی قصور کے افسران نے ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن میں حصہ لیا، ڈی ایس پی ٹریفک قصور اقبال حمید نے بتایا کہ کسی کو بھی ناجائز تجاوزات کی اجازت نہیں دیں گے، آپریشن روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا

ٹریفک حادثہ یا پھر کچھ اور۔۔ پولیس انکوائری کے بعد موٹر سائیکل پر واپس جانیوالے کو گاڑی کی ٹکر مار کر موت کی نیند سلا دیا

سرائے عالمگیر) نامہ نگار (ٹریفک حادثہ یا پھر کچھ اور۔۔ پولیس انکوائری کے بعد موٹر سائیکل پر واپس جانیوالے کو گاڑی کی ٹکر مار کر موت کی نیند سلا دیا بلال رازق سکنہ ڈھوک مرید نے سٹی پولیس سرائے عالمگیر کو بتایا کہ وہ الطاف ولد مرزا خان کے ہمراہ ڈی ایس پی سرائے عالمگیر کے دفتر میں انکوائری کے سلسلے میں آئے ہوئے تھے جب واپس جانے لگے تو راستے میں موٹر سائیکل سوار الطاف کو مخالفین نے گاڑی کی ٹکر ماردی جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا حالت تشویشناک ہونے پر اسے اسلام آباد منتقل کر دیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے سٹی پولیس نے بلال کی مدعیت میں نامزد ملزمان اشتیاق، عامر، عابد، راسب حسین سمیت تین نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

سڑکوں کی زبوں حالی، اہلیان علاقہ نے نومنتخب ایم این اے اور نومنتخب ایم پی اے سے امیدیں وابستہ کر لیں

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار (سڑکوں کی زبوں حالی، اہلیان علاقہ نے نومنتخب ایم این اے اور نومنتخب ایم پی اے سے امیدیں وابستہ کر لیں، گوندل اور اور چراڑ روڈ ترجیحی بنیادوں پر تعمیر ہونگے، ممبر صوبائی اسمبلی رانا عارف اقبال۔ حالیہ انتخابات 2024 کے بعد گوندل اور چراڑ روڈ پر بسنے والے شہریوں نے حلقہ این اے 70 اور حلقہ پی پی 44 سے پاکستان مسلم لیگ) ن (کے منتخب ہونے والے ایم این اے ارمغان سبحانی اور ممبر صوبائی اسمبلی رانا عارف اقبال ہرناہ سے دونوں سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی امیدیں وابستہ کر لی ہیں۔ گوندل اور چراڑ روڈ گزشتہ پندرہ سالوں سے ٹوٹ پھوٹ اور بدحالی کا شکار ہیں اس حوالے سے نومنتخب ایم پی اے رانا عارف اقبال کا کہنا تھا کہ گزشتہ دو سالوں سے دونوں سڑکوں کی تعمیر ومرمت کے لئے بجٹ میں فنڈز مخصوص کروا چکا ہوں انشا اللہ پنجاب حکومت کے قیام کے ساتھ ہی ترجیحی بنیادوں پر دونوں سڑکوں کے کام کا آغاز کیا جائے گا ان کا کہنا تھا کہ ہمارے ترقیاتی کام پی ٹی آئی کی گزشتہ حکومت کی انتقامی سیاست کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہوئے

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) کی جانب سے LSA کی دو روزہ ٹریننگ کا اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جھنگ صدر میں کیا گیا

TRAINING OF TEST ADMINISTRATORS
PUNJAB EXAMINATION COMMISSION (PEC)

جھنگ) بیورو رپورٹ (پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC) کی جانب سے LSA کی دو روزہ ٹریننگ کا اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جھنگ صدر میں کیا گیا جس میں سی ای او ایجوکیشن جھنگ ملک محمد سرور، فوکل پرسن ظفر اقبال حیدری) ڈی ای او ایجوکیشن (ماسٹر ٹرینر غلام شبیر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر PEC لاہور اویس احمد اور ماسٹر ٹرینر عمران خان نے شرکت کی۔ ٹریننگ میں گریڈ 2، 3، 4، 5 اور گریڈ 6 کے 385 ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر کیلئے لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ماسٹر ٹرینر غلام شبیر نے کہا کہ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن (PEC کی جانب سے LSA کی دو روزہ ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا ہے جس کے لیے ضلع جھنگ کے 200 سے زائد اسکولز کا انتخاب کیا گیا جس میں سرکاری اور پرائیویٹ ادارے بھی شامل ہیں۔ دو دن کے اس ٹریننگ کیمپ میں 375 ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹرز ٹریننگ لے رہے ہیں جس کا مقصد نہ صرف اس بات کا احاطہ کرنا ہے کہ ضلع جھنگ کے طالب علم اور اساتذہ کرام تعلیمی میدان میں کہاں کھڑے ہیں؟ کمی وبیشی کو کیسے پورا کیا جا سکتا ہے؟ بلکہ مختلف تجاویز اور آراء سے معیار تعلیم کو بہتر کرنے کا حل ڈھونڈنا بھی ہے۔

سی آئی اے پولیس کی کاروائی۔ رضوی منیر ڈکیت گینگ کے 03 ارکان گرفتار

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی سی آئی اے محمد اعجاز کی زیر نگرانی انچارج سی آئی اے انسپکٹر انصر موہل نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رضوی منیر ڈکیت گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے دوران تفتیش ان کے قبضہ سے دولاکھ چون ہزار روپے نقدی اور دو عدد ون ٹو فائیو موٹر سائیکل برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزمان میں رضوی منیر، عبدالکبیر اور سمیر شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ رات کے وقت شہر کے مختلف علاقوں میں راہ گیروں سے اسلحہ کے زور پر قیمتی سامان اور نقدی چھین کر فرار ہو جاتے۔ ملزمان تھانہ ماڈل ٹاؤن اور اروپ کے مقدمات میں بھی مطلوب تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کاروائیاں کرنے پر علاقہ مکینوں کا پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے

شیخوپورہ سینئر صحافی سعید بیگ سانحہ 9 مئی کے مقدمے میں گرفتار،

شیخوپورہ بیورو چیف شاہ زیب سے (سینئر صحافی شیخوپورہ مرزا سعید بیگ کو سرکاری اداروں کی طرف سے چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے سانحہ 9 مئی کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا۔ پریس کلب شیخوپورہ میں آل شیخوپورہ صحافی یونین نے بھرپور مزمت کی اور پاکستان کے تمام صحافیوں سے اپیل کی گ ئ ک سعید بیگ کے حق آواز آٹھائی جائے اور انصاف کے تقاضے پورے کیئے جائے

نامعلوم افراد نوجوان کو گولی مار کر زخمی کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

فاروق آباد) وقاص زاہد سے) نامعلوم افراد نوجوان کو گولی مار کر زخمی کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا عمیر نامی نوجوان اپنے ڈیرہ واقع سچا سودا سے اپنے گھر فاروق آباد آ رہا تھا کہ 3 کس نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار افراد نے عمیر خادم کو ریلوے کراسنگ اپر گوگیرہ نہر پر روک لیا اور رکتے ہی نامعلوم وجوہات کی بنا پر فائرنگ کر کے نوجوان کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے مقامی پولیس کو اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سٹی واجد عباس اپنی ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال منتقل کیا اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ایس ایچ او سٹی واجد عباس نے کہا کہ ملزمان بہت جلد پولیس کی گرفت میں ہونگے تاہم وجہ عناد ابھی تک معلوم نہ ہو سکی

پھول نگر: ڈاکوؤں اور منشیات فروشوں کا صفایا کر دوں گا، ایس۔ایچ۔او ثقلین بخاری

(پھول نگر (سید آصف رضا سے) تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پھول نگر کے نئے تعینات ہونے والے ایس -ایچ -او سید ثقلین بخاری نے باقاعدہ چارج سنبھال لیا . علاقہ بھر سے سیاسی وسماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے اراکین نے پھولوں کے گلدستے پیش کر کے ان کا والہانہ استقبال کیا. یونائیٹڈ پریس کلب پھول نگر کے صحافیوں پروفیسر محمد افضل شاغف , محمد وقاص قمر , خان فہد خان , سید ضیغم نقوی , ڈاکٹر ندیم عباس اور آصف نقوی سے بات چیت کرتے ہوئے ایس۔ایچ۔او ثقلین بخاری کا کہنا تھا کہ ان کا مشن معاشرے سے منشیات اور بدامنی کا خاتمہ کر کے عوام کو سکون فراہم کرنا ہے . انھوں نے مصمم عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے میں علاقہ بھر سے ڈاکوں اور منشیات فروشوں کا صفایا کر دوں گا.

سرگودھا کے حلقہ پی پی 77 سے عبدالوہاب ممتاز کاہلوں کی ناکامی میں تصور عباس ملک نے اہم کردار ادا کیا

سرگودھا) بیورو چیف رانا اسلم شاہین سے (سرگودھا کے حلقہ پی پی 77 سے عبدالوہاب ممتاز کاہلوں کی ناکامی میں تصور عباس ملک نے اہم کردار ادا کیا۔ گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے، تفصیلات کے مطابق ذرائع سے معلوم ہوا ھے کہ پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار حلقہ پی پی 77 عبدالوہاب ممتاز کاہلوں کی جیت کو ناکامی میں بدلنے میں انکے سرگودھا الیکشن آفس میں موجود تصور عباس ملک نامی شخص نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق عبدالوہاب ممتاز اختر کاہلوں کی جیت کیلئے جہاں تمام انکے ساتھی دلجمعی سے انکی الیکشن کمپین میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے تھے وہیں پر انکے آفس میں موجود تصور عباس ملک نامی شخص انکی جڑیں کاٹنے میں دن رات مصروف نظر آ رہا تھا۔ ذرائع سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ تصور عباس ملک نے اپنے عزیز واقارب کو مختلف علاقوں کا رہائشی بنا کر انھیں کمپین کی مد میں لاکھوں روپے سے بھی نوازنے میں اپنا کردار ادا کرتا رہا۔ موصوف مختلف اخبارات اور یوٹیوب وینوز چینل کے صحافیوں کو اپنی نمود ونمائش کیلئے اپنے بے مقصد انٹرویوز دیکر اور خبریں شائع کروا کر اور اپنی مفت میں تشہیر کروا کر بھی عبدالوہاب ممتاز کاہلوں کو لاکھوں روپے کا ٹیکہ لگانے میں پیش پیش رہا۔ مزید برآں یہ بھی معلوم ہوا کہ مذکورہ شخص لوگوں کو کمپین اور ووٹ خریدنے کی مد میں کچھ لوگوں کو پیسے دلوا کر اور انکی ویڈیوز بنا کر ایک مخالف امیدوار کے کارندے کو فروخت کرتا رہا جس کی وجہ سے امیدوار حلقہ پی پی 77 عبدالوہاب ممتاز کاہلوں کے خلاف ووٹ کی خریداری کے حوالے سے الیکشن کمیشن میں درخواست بھی دائر ہوئی تھی۔ گھر کے چراغ کے حوالے سے مزید تفصیلات بہت جلد

امام حسن کونسل پاکستان کی تنظیم سازی اور فروغ عشق امام حسن کانفرنس کے انعقاد کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیں گے

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (سربراہ امام حسن کونسل پاکستان صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ ملتان ڈویژن کے تین روزہ دورے پر روانہ۔ امام حسن کونسل پاکستان کی تنظیم سازی اور فروغ عشق امام حسن کانفرنس کے انعقاد کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیں گے تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی صدر و گدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ ملتان ڈویژن کے 3 روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں جہاں پر ملتان ڈویژن کے مختلف علاقوں میں تنظیم سازی کے حوالے سے دوستوں سے مشاورت اور ملاقاتیں کریں گے جنوبی پنجاب میں صوبائی سطح پر فروغ عشق امام حسن کانفرنس کے انعقاد کے حوالے سے دوستوں سے مشاورت کریں گے اور تیاریوں کا جائزہ لیں گے ملتان ڈویژن کے مختلف علاقوں میں علما کرام مشائخ عظام اور کارکنان امام حسن کونسل پاکستان ملتان ڈویژن سے ملاقاتیں بھی کریں گے

نوشہرہ ورکاں/جنرل بس اسٹینڈ پہ نامعلوم بوڑھی عورت کی نعش برآمد ریسکیو 1122 نے نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) نوشہرہ ورکاں/جنرل بس اسٹینڈ پہ نامعلوم بوڑھی عورت کی نعش برآمد ریسکیو 1122 نے نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا نوشہرہ ورکاں کے جنرل بس اسٹینڈ کے ویٹنگ ایریا میں نامعلوم بوڑھی عورت کی نعش برآمد اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 نوشہرہ ورکاں کی ٹیم نے موقع پہ پہنچ کر نعش کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ ورکاں منتقل کر دیا جبکہ اڈا منیجر کے مطابق بوڑھی عورت اکثر ادھر لیٹی رہتی تھی جبکہ اسکی موت کب اور کیسے ہوئی کسی کو معلوم نہیں

نئے ڈی ایس پی سپیشل برانچ جاوید اقبال نے چارج سنبھال لیا

سرائے عالمگیر) نامہ نگار) نئے ڈی ایس پی سپیشل برانچ جاوید اقبال نے چارج سنبھال لیا نئے ڈی ایس پی سپیشل برانچ چوہدری جاوید اقبال نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض منصبی انجام دینا شروع کر دیئے ہیں ان کے پیش رو ملک محمد خلیل کا تبادلہ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر نارووال ہو گیا

سوئی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ۔ شہریوں کی چیخیں نکل گئیں

چولہے ٹھنڈے پڑ گئے۔ شہری دو وقت کی روٹی کو ترس گئے

فاروق آباد) نامہ نگار (سوئی گیس کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ۔ شہریوں کی چیخیں نکل گئیں۔ چولہے ٹھنڈے پڑ گئے۔ شہری دو وقت کی روٹی کو ترس گئے۔ سوئی گیس کی قیمت میں 65 فیصد اضافے کے خلاف عوام کا شدید احتجاج۔ اضافہ فوری واپس لینے کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق پیراڈائز ویلفیئر سوسائٹی فاروق آباد کے صدر رانا محمد ادریس نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ عوام سے بجلی کے بل ادا کرنا مشکل ہے۔ لیکن اب عوام پر سوئی گیس کی تلوار بھی لٹکا دی گئی ہے۔ سوئی گیس کی قیمت میں اضافہ واپس نہ لیا گیا تو ملک میں مدید مہنگائی کا سیلاب آئے گا۔ حکومت صرف آئی ایم ایف کو راضی کرنے کے لیے عوام پر ظلم کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پہلے سوئی گیس کنکشن پر پابندی لگا رکھی ہے۔

THQ میں پینے کا پانی گندہ، واش روم بدبودار، وارڈز کے اوپر لگیں واٹر ٹینکیں پرانی اور خستہ

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) THQ میں پینے کا پانی گندہ، واش روم بدبودار، وارڈز کے اوپر لگیں واٹر ٹینکیں پرانی اور خستہ، پانی کے فلٹر بھی تبدیل نہ کیے جا سکے، ذرائع کے مطابق سول ہسپتال جڑانوالہ میں لواحقین کے پینے کے لیے پانی بدبودار ہے۔ نصب الیکٹرک واٹر کولر کے فلٹر بھی تبدیل نہ کیے جا سکے۔ کمرہ نمبر 5، آپریشن تھیٹر اور ایمرجنسی وارڈ کے اوپر لگی ہوئی ٹینکیاں انتہائی بوسیدہ اور بد بودار ہیں۔ جن کے اوپر سے منہ کھلے ہوئے ہیں۔ اور ان کے اندر موجود پانی پینے کا قابل نہ ہے۔ اس پانی کے استعمال اور پینے سے لواحقین بیمار ہو کر رہ گئے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ احکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

سابق MS ٹی ایچ کیو ڈاکٹر رانا عبدالواحد کی 19 ویں سکیل پر ترقی

محکمہ صحت نے ڈاکٹر رانا عبدالواحد کو APMO پروموٹ کر دیا ہے

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) سابق MS ٹی ایچ کیو ڈاکٹر رانا عبدالواحد کی 19 ویں سکیل پر ترقی محکمہ صحت نے ڈاکٹر رانا عبدالواحد کو APMO پروموٹ کر دیا ہے۔ سجاد خان نیازی نے آپ کو ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق MS ٹی ایچ کیو جڑانوالہ ڈاکٹر رانا عبدالواحد کو محکمانہ ترقی دے کر (APMO) پر پروموٹ کر دیا گیا ہے۔ 19 ویں سکیل پر پروموٹ ہونے پر سینئر صحافی سجاد خان نیازی نے ڈاکٹر رانا عبدالواحد کو محکمانہ ترقی ملنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی سابقہ کارکردگی کو بحال رکھتے ہوئے محکمہ صحت کی مزید بہتری کے لیے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر خدمت کریں گے۔